سوال

(481) قربانی کرنے کا مسنون طریقہ اور دعا کیا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قربانی کرنے کا مسنون طریقہ اور دعا کیا ہے؟ (ابو طاہر نذیر احمد، عبد الرشید۔ کراچی) (۲۳ فروری ۲۰۰۱ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اہل علم کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جانور کو بائیں طرف لٹایا جائے اور اس کے شانے پر پاؤں رکھنا مستحب ہے۔ پھر یہ دعا پڑھے: 'بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ' (متفق علیہ، سنن ابن ماجہ، بَابٌ فِي الشَّاةِ يُضَحَّى بِهَا عَنْ جَمَاعَةٍ، رقم: ۲۸۱۰)

اور قربانی نمازِ عید کے بعد کرنی چاہیے۔ (صحیح البخاری، بَابُ الأَكْلِ يَوْمَ النَّحْرِ، رقم: ۹۵۴، ۹۵۵)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 365

محدث فتویٰ